بسم اللہ الرحمن الرحیم
علامہ شفیق المدنی صاحب
جامعۃ المدینہ خان پور
طالب دعا۔ محمد راشد علی عطاری
(شرح وقایہ۔ ششماہی اول)

# "کتاب الاَیمان"

1- اَیمان جمع ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی

❶ یمن ❷ ایمن ❸ یمین ✓ ❹ ان میں سے کسی کی نہیں

2۔ یمین کا لغوی معنی ہے

❶ ضعف ❷ قوت ✓ ❸ سیدھا ❹ ان میں سے کوئی نہیں

3۔ قسم کی کتنی قسمیں ہے؟

❶ دو ❷ پانچ ❸ چار ❹ تین ✓

4۔ کونسی قسم پر مواخذہ ہوتا ہے؟

❶ غموس ✓ ❷ منعقدہ ❸ لغو ❹ کوئی نہیں

5۔ کون سی قسم پر کفارہ ہے؟

❶ غموس ❷ منعقدہ ✓ ❸ لغو ❹ کوئی نہیں

6۔ ماضی میں کسی کام کے ترک پر جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھانا یمینِ۔۔۔۔۔۔۔ہے

❶ غموس ✓ ❷ منعقدہ ❸ لغو ❹ کوئی نہیں

7۔ یمین غموس کا کیا حکم ہے؟

❶ معاف ❷ کفارہ ❸ گنہگار ✓ ❹ کچھ نہیں

8۔ ماضی کے کسی کام پر بھول کر جھوٹی قسم کھانا کون سی قسم ہے؟

❶ غموس ❷ منعقدہ ❸ لغو ✓ ❹ کچھ نہیں

9۔ مستقبل میں کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے پر قسم کھانا کون سی قسم ہے؟

❶ غموس ❷ منعقدہ ✓ ❸ لغو ❹ تینوں

10۔ ماضی و مستقبل کی قسم کو بیان فرمایا حال کو کیوں نہیں ذکر کیا؟

❶ بھول کر ❷ ہوتی نہیں ❸ بغیر کسی وجہ کے ❹ معنی دقیق کی وجہ سے ✓

11۔ کیا امام شافعی کے نزدیک یمین غموس میں کفارہ ہوگا؟

❶ ہوگا ✓ ❷ نہیں ❸ اختلاف ہے ❹ ان میں سے کچھ نہیں

12۔ جو بغیر قصد کے قسم کھائے اسے کیا کہتے ہیں؟

❶ حالف ❷ حانث ❸ ساہی ✓ ❹ مُکرَہ

13۔ بے ہوشی میں قسم کھانے سے قسم ہو جاتی ہے یا نہیں؟

❶ ہو جاتی ہے ✓ ❷ نہیں ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

14۔ اللہ تعالی کی کبریائی کی قسم کھانے سے قسم ہوتی ہے یا نہیں؟

❶ ہوتی ہے ✓ ❷ نہیں ❸ 3اختلاف ❹ کچھ نہیں

15۔ کعبہ کی قسم کھانے سے قسم ہو گی یا نہیں؟

❶ ہو گی ❷ نہیں ہو گی ✓ ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

16۔ کوئی خود کو زانی یا چوری شرابی کہے تو قسم ہو گی یا نہیں؟

ہو گی۔ 2 نہیں ہو گی ✓ ۔ 3اختلاف۔ 4کچھ نہیں

❶ ہو گی ❷ نہیں ہو گی ✓ ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

17۔ قسم کے کفارے میں کتنے روزے رکھیں گے؟

❶ دو دن ❷ پانچ دن ❸ دو مہینے ❹ تین دن ✓

18۔ احناف کے نزدیک حانث ہونے سے پہلے کفارہ دے سکتے ہیں یا نہیں

❶ دے سکتے ہیں ❷ نہیں ✓ ❸ اختیار ❹ کچھ نہیں

19۔ جو گناہ پر قسم کھائے تو کیا کرے؟

❶ 1حانث ہو ❷ کفارہ دے ❸ دونوں ✓ ❹ کچھ نہیں

20۔ کافر قسم کھا کر حانث ہوا تو کفارہ دے گا یا نہیں؟

❶ دے گا ❷ نہیں ✓ ❸ اختیار ❹ کچھ نہیں

21۔ جس نے کہا یہ چیز مجھ پر حرام ہے وہ کیا کرے؟

❶ حانث ہے ❷ پورا کرے ❸ کفارہ نہیں ہے ❹ استعمال کر کے کفارہ دے ✓

22۔ جس نے کہا ہر حلال چیز مجھ پہ حرام ہے اس کی بیوی حرام ہو گی یا نہیں؟

❶ نہیں ہو گی ❷ ہو گی ✓ ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

23۔ اپنے اوپر حلال کو حرام کرنا یہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے؟

❶ حلال ❷ حرام ❸ یمین ✓ ❹ یہ سب

24۔ جس نے اپنی قسم کے ساتھ انشاءاللہ ملایا قسم کا کیا حکم ہے؟

❶ فاسد ❷ باطل ✓ ❸ حرام ❹ واجب

==================================================

# "فصل الیمین فی الدخول والسکنی"

25۔جس نے قسم کھائی لایدْخلُ بیتاً وہ کس میں داخل ہونے سے حانث ہوگا؟

❶مسجد میں ❷ کعبہ میں ❸ صفہ میں ✓ ❹ گلی میں

26۔جس نے کہا: لاادخلُ ھذہ الدارَ، تو اگر اس گھر کو توڑ کر وہیں دوسرا گھر بنایا اس میں داخل ہونے سے حانث ہوگا؟

❶ ہوگا ✓ ❷ نہیں ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

27۔قسم کھائی لاادخلُ داراً۔ تو ٹوٹے ہوئے گھر میں داخل ہونے سے حانث ھوگا؟

❶ ہوگا ✓ ❷ نہیں ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

28۔جو مکان رہائش کے لئے تیار کیا گیا ہو اس کو کیا کہتے ہیں؟

❶ دار ❷ بیت ✓ ❸ دار معمور ❹ مسکن

29۔بیتٌ کس سے مشتق ہے؟

❶بیوت ❷ابیات ❸بیتوتۃ ✓ ❹ کوئی نہیں

30۔اسم اشارہ کے ذریعے وصف کس چیز میں لغو ہوتا ہے؟

❶ حاضر ✓ ❷ غائب ❸ دونوں ❹ کچھ نہیں

31۔ کسی نے کہا۔لایکلمُ ھذاالشابَ۔ پھر اس کے بڑھے ہونے میں کلام کیا حال ہوگا یا نہیں؟

❶حانث ہوگا ✓ ❷ نہیں ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

32۔۔قسم کھائی لاادخل ھذاالدارَ تو اس گھر کے دروازے پر رکنے سے حانث ہوگا؟

❶حانث ہوگا ✓ ❷ نہیں ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

33۔ کوئی گھر میں موجود ہے اور اس نے قسم کھائی کہ میں نہیں رہوں گا پھر فورا نکل جاتا ہے حانث ہوگا یا نہیں؟

❶حانث ہوگا ❷ نہیں ✓ ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

34۔ کوئی شخص گھر میں ہے اور قسم کھاتا ہے داخل نہیں ہوگا پھر وہیں بیٹھ گیا تو حانث ہوگا یا نہیں؟

❶ ہوگا ❷ نہیں ✓ ❸ دونوں احتمال ❹ کچھ نہیں

35۔ قسم کھائی لایسکنُ ھذاالدارَ تو امام اعظم کے نزدیک گھر سے کیا کیا نکالنا ضروری ہے؟

❶ اہل وعیال ❷ مال ومتاع ❸ ضروری سامان ❹ مذکورہ تمام ✓

36۔ قسم کھائی لایسکن ھذہ الدارَ تو خانہ داری نکالنا ضروری ہے یہ کن کا موقف ہے؟

❶ امام اعظم ❷ ابویوسف ❸ امام محمد ✓ ❹ امام زفر

==================================================

## "الیمین فی الخروج والاتیان والرکوب وغیر ذالک"

37 ۔ قسم کھائی گھر میں داخل نہیں ہوگا پھر اس کی اجازت کے بغیر دوسروں نے اس کو گھر میں داخل کیا تو حانث ہوگا یا نہیں؟

❶ ہوگا ❷ نہیں ✓ ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

38۔ قسم کھائی لایخرج الاالی الجنازۃ پھر جنازے کے لیے نکلا لیکن باہر دوسرے کام بھی کیے تو حانث ہوگا یا نہیں؟

❶ ہوگا ❷ نہیں ✓ ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

39۔ قسم کھائی لایأتی الکعبۃَ توکب حانث ہوگا؟

❶ اسی وقت ❷ اسی سال ❸ کبھی نہیں ❹ جب مکہ میں داخل ہو ✓

40۔ قسم کھائی ضرور مکہ کو جائے گا تو گیا نہیں پھر کب حانث ہوگا؟

❶ اسی وقت ❷ اسی سال ❹ کبھی نہیں ❸ عمر کے آخری وقت میں ✓

41۔ جب کسی نے کہا لاتخرج الاباذنی توکب اجازت لینا ضروری ہے؟

❶ پہلی بار ❷ ہر مہینے ❸ ہر سال ❹ ہر بار ✓

42۔ عورت نکلنے کا ارادہ کر رہی تھی مرد نے کہا ان خرجتِ فانتِ طالقٌ پھر وہ نکل گئ تو کیا حکم ہے؟

❶ طلاق ہوگی ✓ ❷ نہیں ہوگی ❸ پھر قسم کھائے ❹ کچھ نہیں

43۔ کسی کو ناشتے کی دعوت دی گئ اس نے کہا: ان تغدّیتُ الیومَ فعبدی حرٌّ توکب حانث ہوگا؟

❶ جب جب ناشتہ کرے ❷ کبھی نہیں ❸ شام کو ❹ جب داعی کے ساتھ ناشتہ کرے ✓

==================================================

## "فصل الیمین فی الاکل والشرب"

44۔ قسم کھائی: لایاکل من ھذہ الشجرۃ، تو کس چیز کے کھانے سے حانث ہوگا؟

❶ پتے کھانے سے ❷ لکڑی کھانے سے ❸ پھل کھانے سے ✓ ❹ یہ سب

45۔ اگر لفظ کیلئے معنیٰ حقیقی مستعمل ہو اور معنی مجازی متعارف ہو تو صاحبین کس پر عمل کرتے ہیں؟

❶ معنیٰ حقیقی ❷ معنی مجازی ✓ ❸ دونوں ❹ کچھ نہیں

46۔ قسم کھائی اس آٹے سے نہیں کھائے گا تو کس چیز کے کھانے سے حانث ہوگا؟

❶ آٹا ❷ 2روٹی ✓ ❸ دونوں ❹ کوئی نہیں

47۔ باذنجان کا کیا معنی ہے؟

❶ شوربا ❷ سبزی ❸ نان ❹ بینگن ✓

48۔ قسم کھائی کہ پھل نہیں کھائے گا تو کس پھل کے کھانے سے حانث ہوگا؟

❶ سیب ❷ خوبانی ❸ خربوزہ ❹ تینوں ✓

49۔ قسم کھائی فلاں کپڑے نہیں پہنے گا تو کب پہننے سے حانث ہوگا؟

❶ پوری زندگی ✓ ❷ مرنے کے بعد ❸ دونوں ❹ دونوں نہیں

50۔ قسم کھائی فلاں کو غسل دے گا تو قسم کس کے ساتھ مقید ھوگی؟

❶ حیات ❷ موت ✓ ❸ دونوں ❹ دونوں نہیں

51۔ قسم کھائی لیقضینَّ دینَہ الی قریبٍ، تو قریب سے کتنا وقت مراد ھوگا؟

❶ ایک دن ❷ تین دن ❸ مہینے سے کم ✓ ❹ سال

52۔ قسم کھائی خشک کھجور نہیں کھائے گا تو تر کھجور کھانے سے حانث ہوگا یا نہیں؟

❶ حانث ہوگا ❷ نہیں ہوگا ✓ ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

53۔ قسم کھائی کہ چربی نہیں کھائے گا تو چکی کھانے سے حانث ہوگا یا نہیں؟

❶ حانث ہوگا ❷ نہیں ہوگا ✓ ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

54۔ مذَنَّب کا کیا معنی ہے؟

❶ تر کھجور ❷ خشک کھجور ❸ کچی کھجور ❹ بعض تر بعض خشک ✓

55۔ قسم کھائی کہ گوشت نہیں کھائے گا تو انسان کے گوشت کھانے سے حانث ہوگا یا نہیں؟

❶ حانث ہوگا ✓ ❷ نہیں ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

56۔ طلوع فجر سے لے کر ظہر تک کے وقت کو کیا کہتے ہیں؟

❶ فجر ❷ دن ❸ صبح ❹ غداء ✓

57۔ قسم کھائی: ان لبشتُ ثوبا فعبدی حرٌ، تو ثوب معین کی نیت کس اعتبار سے درست ھے؟

❶ قضاءً ❷ دیانۃً ✓ ❸ قضاءً و دیانۃً ❹ کچھ نہیں

58۔ قسم کی صحت کیلئے شرط ہے کہ اس کا پورا کرنا ممکن ہو یہ کس کے نزدیک ہے؟

❶ امام اعظم ❷ امام محمد ❸ دونوں ✓ ❹ کوئی نہیں

59۔ قسم کھائی کہ پتھر کو سونا کرے گا تو کن کے نزدیک قسم منعقد نہیں ہوگی؟

❶ امام اعظم ❷ ابویوسف ❸ امام محمد ❹ امام زفر ✓

60۔ قسم کھائی کہ فلاں کو قتل کرے گا حالاں کہ وہ جانتا ہے کہ وہ مرگیا ہے تو قسم ہوگی یا نہیں؟

❶ منعقد ہوگی ❷ نہیں ہوگی ❸ حانث نہیں ہوگا ❹ منعقد ہوگی اور حانث ہوگا ✓

61۔ قسم کھائی کہ بیوی کو نہیں مارے گا پھر اس کے بال کھینچے تو حانث ہوگا یا نہیں؟

❶ حانث ہوگا ✓ ❷ نہیں ہوگا ❸ نیت کا اعتبار ❹ کچھ نہیں

==========================================================

## "فصل الیمین فی لُبس الثیاب وغیر ذالک"

62۔ کسی نے قسم کھائی کہ زیور نہیں پہنے گا پھر چاندی کی انگوٹھی پہنی تو حانث ہوگا؟

❶ حانث ہوگا ❷ نہیں ہوگا ✓ ❸ قسم منعقد نہیں ❹ ان میں سے کوئی نہیں

63۔ قسم کھائی: لاینامُ علی ھذاالفراشِ پھر اسکے اوپر دوسرا بستر بنا کر سویا حانث ہوگا یا نہیں؟

❶ حانث ہوگا ❷ نہیں ہوگا ✓ ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

64۔ قسم کھائی زمین پر نہیں بیٹھے گا پھر کپڑا بچھا کر بیٹھا تو حانث ہوگا؟

❶ حانث ہوگا ✓ ❷ نہیں ہوگا ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

65۔ کسی نے قسم کھائی: لایفعله، تو یہ قسم کب تک ہوگی؟

❶ ایک سال ❷ تین دن ❸ ہمیشہ ✓ ❹ قسم نہیں ہوگی

==========================================================

## "فصل الیمین فی الحج الصلاۃ والصوم"

66۔ قسم کھائی: علیَ المشیُ الی الکعبۃِ، س تو کس حالت میں جانا ضروری ہے؟

❶ سوار ہو کر ❷ پیدل ✓ ❸ اختیار ہے ❹ کوئی نہیں

67۔ قسم کھائی علیَ الذھاب الی المسجدالحرامِ تو کس حالت میں جانا ضروری ہے؟

❶ سوار ہو کر ❷ پیدل ❸ اختیار ہے ✓ ❹ کوئی نہیں

68 قسم کھائی کہ لایصوم۔ پھر ایک ساعت کیلئے روزے کی نیت کی حانث ہوگا یا نہیں؟

❶ حانث ہوگا ✓ ❷ نہیں ہوگا ❸ معاف ❹ کچھ نہیں

69۔ قسم کھائی: لایصلی پھر ایک رکعت پڑھ لی حانث ہوگا یا نہیں؟

❶ حانث ہوگا ✓ ❷ نہیں ہوگا ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

70۔ بیوی کو کہا: ان ولدتِ فانتِ طالقٌ پھر مردہ بچہ پیدا ہوا طلاق ہوگی؟

❶ طلاق ہوگی ✓ ❷ نہیں ہوگی ❸ دونوں ❹ دونوں نہیں

71۔ نبھرجۃٌ سے کون سے سکے مراد ہیں؟

❶ کھوٹے ❷ کھرے ❸ زیور ❹ جس کو تاجر نہ لے ✓

72۔ رصاصاً کا کیا معنی ہے؟

❶ چاندی ❷ تانبا ✓ ❸ زیور ❹ کھوٹ

73۔ قسم کھائی لایقبض دینہٗ درھمًادون درھمٍ، پھر اس نے آدھا قرض لے لیا کچھ باقی ہے تو پہلا آدھا لینے سے حانث ہوگا یا نہیں؟

❶ حانث ہوگا ❷ نہیں ہوگا ✓ ❸ دونوں صورتیں ❹ کچھ نہیں

74۔ قسم کھائی خوشبو نہیں سونگھے گا پھر گلاب سونگھنے سے حانث ہوگا یا نہیں؟

❶ نہیں ہوگا ✓ ❷ حانث ہوگا ❸ پھر قسم کھائے ❹ کچھ نہیں

==========================================================

# "باب الحلف بالقبول"

75۔ زید نے قسم کھائی کہ بکر سے کلام نہیں کرے گا پھر بکر کے سونے کی حالت میں زید نے اسکو اٹھاتے ہوئے کلام کیا تو زید حانث ہوگا یا نہیں؟

❶ حانث ہوگا ✓ ❷ نہیں ہوگا ❸ مواخذہ ہے ❹ کچھ نہیں

76۔ قسم کھائی کہ اس کپڑے والے سے کلام نہیں کرے گا اسکے کپڑا بیچنے کے بعد کلام کیا تو حانث ہوگا یا نہیں؟

❶ حانث ہوگا ✓ ❷ نہیں ❸ اختیار ہے ❹ کچھ نہیں

77۔ کسی نے کہا: ان اشتریتُ عبدًا فھو حرٌ پھر خیار شرط کے ساتھ خریدا تو غلام آزاد ہوگا یا نہیں؟

❶ آزاد ہوگا ✓ ❷ نہیں ہوگا ❸ مشتری کو اختیار ❹ کچھ نہیں

78۔ قسم کھائی اگر میں نے غلام کو نا بیچا تو میری عورت کو طلاق ہے پھر اسنے غلام کو آزاد کر دیا یا مدبَّر بنا دیا تو طلاق ھوگی یا نہیں؟

❶ نہیں ❷ غلام آزاد نہیں ہوگا ❸ طلاق ھوگی ✓ ❹ کچھ نہیں

79۔ وکالت کے ذریعے احکام بیٹے میں جاری ہونگے یا غلام میں؟

❶ بیٹے میں ❷ غلام میں ✓ ❸ دونوں ❹ کچھ نہیں

80۔ قسم کھائی کلام نہیں کرے گا پھر قرآن پڑھا یا تسبیح یا تہلیل، تو حانث ہوگا یا نہیں؟

❶ حانث ہوگا ❷ نہیں ہوگا ✓ ❸ صدقہ کرے ❹ کچھ نہیں

81۔ قسم کھائی کلام نہیں کرے گا تو امام شافعی کے نزدیک تکبیر پڑھنے سے حانث ھوگا؟

❶ حانث ہوگا ✓ ❷ نہیں ہوگا ❸ دو قول ہیں ❹ کچھ نہیں

82۔ یومَ اکلمہٗ علی الملوین۔۔۔الملوین سے کیا مراد ہے؟

❶ روشنی، اندھیرا ❷ تیز، آہستہ ❸ سونا، جاگنا ❹ رات، دن ✓

83۔ قسم کھائی: لایدخل دارَ فلانٍ ھذا، پھر اس گھر کے بکنے کے بعد داخل ہونے سے حانث ہوگا؟

❶ حانث ہوگا ✓ ❷ نہیں ہوگا ❸ اختلاف ❹ کچھ نہیں

84۔ جب کسی نے حین اور زمان کے الفاظ سے قسم کھائی تو کتنا وقت مراد ھوگا؟

❶ ایک مہینہ ❷ چھ مہینے ✓ ❸ ایک سال ❹ تاحیات

85۔ لفظِ **ایام کثیرۃً** سے قسم کھائی توزیادہ سے زیادہ کتنا وقت مراد ہوگا؟

❶ تین دن ❷ ساٹھ دن ❸ تاحیات ❹ دس دن ✓

86۔ لفظِ **السنون** سے قسم کھائی تو کتنے سال مراد ہوں گے ؟

❶ ایک سال ❷ تین سال ❸ دس سال ✓ ❹ ساری زندگی

==========================================================

# "فصل الیمین فی العتق الطلاق"

87۔ قسم کھائی : اَوَلَ عبدٍاشتریتہ حرٌ۔ پھر آخری عمر تک صرف ایک ہی غلام خریدا وہ آزاد ہوگا یا نہیں ؟

❶ آزاد ہوگا ✓ ❷ نہیں ہوگا ❸ مدبر ہوگا ❹ مکاتب ہوگا

88۔ قسم کھائی جو میں آخری غلام خریدوں وہ آزاد ہے پھر آخری عمر تک صرف ایک ہی غلام خریدا وہ آزاد ہوگا؟

❶ آزاد ہوگا ❷ نہیں ہوگا ✓ ❸ آقا کی مرضی ❹ مدبر ہوگا

89۔ آقا نے کہا جس جس نے مجھے خوش خبری دی وہ آزاد ہے۔اور بہت سے غلاموں نے متفرق طور پر خوش خبریاں دی تو کتنے آزاد ہوں گے ؟

❶ دس ❷ ایک ❸ سارے ❹ تین ✓

90۔ قسم کھائی: ان اشتریتُ عبدًافھو حر۔ پھر اس نے کفارے کی نیت سے خریدا تو کفارہ ساقط ہوگا یا نہیں؟

❶ ساقط ہوگا ❷ نہیں ہوگا ✓ ❸ گنہ گار ہوگا ❹ موقوف رہے گا

91۔ قسم کھائی ہر وہ چیز جو میری ملکیت ہے وہ آزاد ہے تو کون آزاد ہوگا؟

❶ ام ولد ❷ مدبر ❸ مکاتب ❹ یہ سب ✓

92۔ قسم کھائی کہ (زید یا بکر آزاد ہے اور عمر) تو کتنے آزاد ہوں گے ؟

❶ سارے ❷ صرف ایک ❸ دو ✓ ❹ کوئی نہیں

93۔ **ولامٌ دخل علی فعلٍ یقع من غیرہ۔۔۔یقع من غیرہ** میں کس کی طرف اشارہ ہے؟

❶ قسم ❷ آزادی ❸ بیع ❹ نیابت ✓

94۔ بیوی نے شوہر سے کہا: آپ نے دوسری شادی کی ہوئی ہے۔ شوہر نے کہا میری ہر بیوی کو طلاق ہے اب اس بیوی کو طلاق ہو گی یا نہیں؟

❶ طلاق ہو گی ✓ ❷ نہیں ہو گی ❸ نیت پر موقوف ❹ کچھ نہیں

95۔ بیوی نے شوہر کو کہا: آپ نے دوسری شادی کی ہوئی ہے۔ شوہر نے کہا میری ہر بیوی کو طلاق ہے اب شوہر کہتا ہے میں نے اس کی نیت نہیں کی تھی۔ تو اس کی تصدیق دیانۃً کی جائے گی یا قضاءً ؟

❶ دیانۃً ✓ ❷ قضاءً ❸ دونوں ❹ دونوں نہیں

==========================================

# "کتاب الحدود"

96۔ حد کا لغوی معنی کیا ہے؟

❶ مارنا ❷ پاک کرنا ❸ مردہ کرنا ❹ منع کرنا ✓

97۔ تعزیر اور قصاص میں سے کس کو حد کہتے ہیں؟

❶ تعزیر ❷ قصاص ❸ دونوں ❹ دونوں نہیں ✓

98۔ وطئ فی قبلٍ خالٍ عن ملکٍ و شبھۃٍ۔ یہ کس کی تعریف ہے؟

❶ وطی ❷ جماع ❸ زنا ✓ ❹ کوئی نہیں

99۔ حدیث زنا کے لیے کتنے گواہوں کی ضرورت ہے؟

❶ دو ❷ تین ❸ چار ✓ ❹ سات

100۔ حد زنا میں امام گواہوں سے کتنی چیزوں سے متعلق سوال کرے گا؟

❶ پانچ ✓ ❷ دس ❸ دو ❹ سات

101۔ اگر دار الحرب میں زنا کیا چار گواہوں نے گواہی دی حد کس کو لگے گی؟

❶ عورت کو ❷ مرد کو ❸ دونوں کو ❹ کسی کو نہیں ✓

102۔ کالمیلِ فی المکحلۃِ اس میں المکحلۃِ کا کیا معنی ہے؟

❶ حلق ❷ سرمہ ❸ سرمہ دانی ✓ ❹ سَلائی

103۔ اگر زانی خود زنا کا اقرار کرے تو کتنی مرتبہ کرنا ہوگا؟

❶ ایک بار ❷ دو بار ❸ چار بار ✓ ❹ لاتعداد

104۔ زانی نے خود چار مرتبہ زنا کا اقرار کیا چوتھی مرتبہ امام رد کرے گا یا قبول؟

❶ رد ❷ قبول ✓ ❸ اختیار ہے۔ ❹ کچھ نہیں

105۔ زانی کا اقرار کرنے پر اس کو رجوع کرنے کی تلقین کا کیا حکم ہے؟

❶ فرض ❷ واجب ❸ مباح ❹ مستحب ✓

106۔ اگر زانی نے حد لگنے کے درمیان اقرار سے رجوع کیا تو کیا حکم ہے؟

❶ چھوڑ دیں ✓ ❷ حد لگائیں ❸ اختیار ہے ❹ تعزیر ہے

==========================================

# "فصل فی کیفیۃ الحد و اقامتہ"

107۔ مُحصَن کسے کہتے ہیں؟

❶ زانی ❷ احسان کرنے والا ❸ شادی شدہ ✓ ❹ آزاد

108۔ حد زنا کے لیے مرد اور عورت کا کس صفت کے ساتھ متصف ہونا ضروری ہے؟

❶ خوب صورتی ❷ بالغ ❸ مسلمان ❹ احصان ✓

109۔ اگر گواہ انکار کریں یا غائب ہوں یا مر جائیں تو زانی کی حد کا کیا حکم ہے؟

❶ ساقط ہوگی ✓ ❷ موقوف ہوگی ❸ لگے گی ❹ قاضی کو اختیار ہے

110۔ زنا کی حد کہاں لگائیں گے؟

❶ شہر میں ❷ گاؤں میں ❸ چھپا کر ❹ میدان میں ✓

111۔ اگر زانی خود اقرار کرے تو حد میں پہل کون کرے گا؟

❶ زانی کے گھر والے ❷ امام ✓ ❸ دوست ❹ لوگ

112۔ جس کو حد رجم لگی اس کو غسل کفن دیں گے یا نہیں؟

❶ صرف غسل ❷ صرف کفن ❸ دونوں ✓ ❹ کچھ نہیں

113۔ غیر شادی شدہ نے زنا کیا تو کتنے کوڑے ماریں گے؟

❶ اسی ❷ ایک سو ✓ ❸ پچاس ❹ تعزیر ہوگی

114۔ زانی کو کوڑے جسم کی کون سی جگہ پر نہیں ماریں گے؟

❶ چہرہ ❷ سر ❸ فرج ❹ تینوں ✓

115۔ غلام نے زنا کیا تو کتنے کوڑے ماریں گے؟

❶ اسی ❷ ایک سو ❸ پچاس ✓ ❹ تعزیر ہوگی

116۔ مرد و عورت میں کس کے لئے گڑھا کھودنا جائز ہے؟

❶ مرد ❷ عورت ✓ ❸ دونوں ❹ دونوں نہیں

117 حاملہ عورت نے زنا کیا تو حد رجم کب لگائیں گے؟

❶ حمل کے بعد ✓ ❷ نفاس کے بعد ❸ اسی وقت ❹ اختیار ہے

==================================================

# "باب الوطء الذی یوجب الحدّ اولا"

118۔ الشبہۃ دارئۃ للحد. دارئۃ کا کیا معنیٰ ہے؟

❶ گھیرنے والا ❷ بچانے والا ❸ دور کرنے والا ✓ ❹ کوئی نہیں

119۔ حد زنا میں شبہ کی کتنی قسمیں ہیں؟

❶ تین ❷ دو ✓ ❸ ایک ❹ لاتعداد

120۔تثبت بظنِّ غیر الدلیلِ دلیلًا. یہ کس شُبھہ کی تعریف ہے؟

❶ فی الفعل ✓ ❷ فی المحل ❸ دونوں ❹ کوئی نہیں

121۔ بیوی کی لونڈی سے زنا کیا تو یہ شبہ فی الفعل ہے یا شبہ فی المحل؟

❶ فی الفعل ✓ ❷ فی المحل ❸ دونوں ❹ کوئی نہیں

122۔ تین طلاق کے بعد عورت کی عدت میں وطی کی تو اس کے شبہ فی الفعل ہونے کی کیا علامت ہے؟

❶ ملکیت ❷ نفع ❸ بیوی سمجھنا ❹ نکاح کے اثر کا باقی ہونا ✓

123۔بیٹی کی لونڈی سے وطی کرنا شبہ فی الفعل ہے یا شبہ فی المحل؟

❶ فی الفعل ❷ فی المحل ✓ ❸ دونوں ❹ کوئی نہیں

124۔ نسب کون سے شبھے میں ثابت ہوگا؟

❶ فی الفعل ❷ فی المحل ✓ ❸ دونوں ❹ کوئی نہیں

125۔ حربی نے ذمیہ سے زنا کیا تو کس کو حد لگے گی؟

❶ حربی ❷ ذمیہ ✓ ❸ دونوں ❹ کوئی نہیں

126۔ کس امام کے نزدیک حربی اور حربیہ کو بھی حد لگے گی؟

❶ امام اعظم ❷ صاحبین ❸ امام محمد ❹ امام ابویوسف ✓

127۔ کسی اجنبیہ کو دلہن بنا کر مرد کی طرف بھیج دیا گیا اور عورتوں نے کہا یہ تمہاری دلہن ہے جب کہ وہ دلہن نہیں تھی مرد نے وطی کی حد لگے گی یا نہیں؟

❶ حد لگے گی ❷ نہیں ✓ ❸ رجم ہوگا ❹ قاضی کو اختیار ہے

128۔جس نے اپنی محرمہ (جیسے ماں بیٹی بہن) سے وطی کی حد لگے گی یا نہیں؟

❶ حد لگے گی ❷ نہیں ✓ ❸ رجم ہوگا ❹ قاضی کو اختیار ہے

129۔جس نے دبر میں وطی کی تو صاحبین کے نزدیک کیا حکم ہے؟

❶ تعزیر ہے ❷ حد لگے گی ✓ ❸ معاف ہے ❹ تعزیر بھی حد بھی

130۔جس نے دبر میں وطی کی تو امام اعظم کے نزدیک کیا حکم ہے؟

❶ تعزیر ہے ✓ ❷ حد لگے گی ❸ معاف ہے ❹ تعزیر بھی حد بھی

131۔اگر بالغ لڑکی سے نابالغ لڑکے نے زنا کیا تو کس کو حد لگے گی؟

❶ لڑکی کو ❷ لڑکے کو ❸ دونوں کو ❹ کسی کو نہیں ✓

132 جس نے لونڈی کو زنا سے مار دیا تو اس پر کیا لازم ہے؟

❶ حد ❷ قیمت ❸ دونوں ✓ ❹ کچھ نہیں

133۔ خلیفہ نے زنا کیا تو حد لگے گی یا نہیں؟
❶ حد لگے گی ❷ نہیں ✓ ❸ رجم ہوگا ❹ قاضی کو اختیار ہے

==================================================

## "باب شہادۃِ الزنا والرجوعِ عنہا"

134۔ حد قذف میں کس کا حق ہے؟
❶ اللہ پاک کا ❷ بندے کا ✓ ❸ دونوں کا ❹ کسی کا نہیں

135۔ اگر شراب کی بو ختم ہونے کے بعد شراب پینے کی گواہی دی تو گواہی قبول ہوگی یا نہیں؟
❶ قبول ہوگی ❷ نہیں ہوگی ✓ ❸ قاضی کو اختیار ہے ❹۔ کچھ نہیں

136۔ زنا کے چار گواہوں نے گواہی دی لیکن عورت غائب ہے تو مرد کو حد لگے گی یا نہیں؟
لگے گی ✓۔ نہیں۔ تعزیر۔ کچھ نہیں
❶ حد لگے گی ✓ ❷ نہیں ❸ تعزیر ہے ❹ قاضی کو اختیار ہے

137۔ کسی نے زنا کا اقرار کیا لیکن وہ کہتا ہے مجھے عورت کا نہیں پتا کہ کس سے کیا ہے تو اس کو حد لگے گی یا نہیں؟
❶ حد لگے گی ✓ ❷ نہیں ❸ تعزیر ہے ❹ قاضی کو اختیار ہے

138۔ چار گواہوں نے گواہی دی لیکن زنا کے شہر میں اختلاف ہو گیا تو حد لگے گی یا نہیں؟
❶ لگے گی ❷ نہیں ❸ گواہوں کو لگے گی ❹ کسی کو نہیں ✓

139۔ چار گواہوں نے کہا اس شہر میں زنا کیا دوسرے چار نے کہا اس شہر میں کیا ہے تو حد کس کو لگے گی؟
❶ مرد کو ❷ عورت کو ❸ گواہوں کو ❹ کسی کو نہیں ✓

140۔ چار گواہوں نے زنا کی گواہی دی لیکن لڑکی اب بھی باکرہ ہے حد لگے گی یا نہیں؟
❶ حد لگے گی ❷ نہیں لگے گی ✓ ❸ مرد کو لگے گی ❹ ان میں سے کوئی نہیں

141 جب کسی معاملے میں گواہی رد کر دی جائے تو کب قبول ہوگی پھر؟
❶ کبھی نہیں ✓ ❷ ایک سال بعد ❸ ایک مہینے بعد ❹ امام کو اختیار ہے

142 اگر چار اندھوں نے گواہی دی تو اندھوں پر کیا حکم ہے؟
❶ گواہی قبول ہے ❷ رد ہے ❸ حد قذف ہے ❹ گواہی قبول لیکن اندھوں پر حد قذف ✓

143۔ غیر محصن کو کوڑے لگائے پھر بعد میں معلوم ہوا ایک گواہ غلام تھا تو کوڑے میں جو زخم لگے اس کی دیت کا کیا حکم ہے؟
❶ بیت المال سے ہوگی ❷ قاضی دے گا ❸ جلاد دے ❹ باطل ہے ✓

144۔ رجم کرنے کے بعد چار گواہوں میں سے کسی نے رجوع کرلیا تو کیا حکم ہے؟
❶ معاف ہے ❷ تعزیر ہے ❸ جلاوطنی ہے ❹ رجوع کرنے والے پر حد ہے ✓

145۔اگر پانچ مردوں نے گواہی دی اور رجم کر دیا گیا پھر دو نے رجوع کرلیا تو دونوں پر دیت کتنا واجب ہوگی؟
❶ چوتھائی ✓ ❷ نصف ❸ نصف تہائی ❹ مکمل

146۔ قاضی نے رجم کا حکم دیا لیکن کسی نے تلوار سے قتل کر دیا تو قاتل پر کیا حکم ہے؟
❶ نصف دیت ❷ مکمل دیت ✓ ❸ تعزیر ❹ کچھ نہیں

147۔ گواہوں نے کہا ہم نے جان بوجھ کر زنا کی طرف نظر کی تو ان کی گواہی قبول ہے یا نہیں؟
❶ قبول ہے ✓ ❷ مردود ہے ❸ تعزیر ہے ❹ حد قذف ہے

148۔زانی نے بیوی سے وطی کرنے کا انکار کیا حالانکہ کہ بیوی نے بچہ جنا تو زانی پر کیا حکم ہے؟
❶ حد ہے ❷ رجم ہے ✓ ❸ تعزیر ہے ❹ کچھ نہیں

==================================================

## "بابُ حدِّالشربِ"

149۔شراب کی حد میں آزاد کو کتنے کوڑے لگیں گے؟
❶ چالیس ❷ اسی ✓ ❸ سو ❹ پچاس

150۔شراب کی حد میں غلام کو کتنے کوڑے لگیں گے؟
❶ چالیس ✓ ❷ اسی ❸ ایک سو ❹ پچاس

151۔شرابی کتنی مرتبہ اقرار کرے گا؟
❶ ایک بار ✓ ❷ چار بار ❸ پانچ بار ❹ دو بار

152۔شراب کی گواہی کے لئے کتنے گواہ ہوں گے؟
❶ تین ❷ ایک ❸ سات ❹ دو ✓

153۔اگر کسی نے قئے کی اور شراب نکلی تو حد لگے گی یا نہیں؟
❶ لگے گی ❷ نہیں لگے گی ✓ ❸ تحقیق ہوگی ❹ تعزیر

154۔اگر کوئی نشے میں مرتد ہوا تو اس کی بیوی حرام ہوگی یا نہیں؟
❶ اختلاف ہے ❷ حرام ہوگی ❸ نہیں ہوگی ✓ ❹ کچھ نہیں

155۔شرابی کو کوڑے لگاتے وقت اس کے کپڑے اتاریں گے یا نہیں؟
❶ اختیار ہے ❷ نہیں اتاریں گے ❸ جلائیں گے ❹ اتاریں گے ✓

==================================================

## "بابُ حدِّالقذفِ"

156۔قذف کا لغوی معنی کیا ہے؟

❶ جھوٹ ❷ گالی دینا ❸ الرمی ✓ ❹ البیان

157۔جب کسی نے کہا لستَ لابیکَ۔حد قذف لگے گی یا نہیں؟
❶ لگے گی ❷ نہیں لگے گی ✓ ❸ تعزیر ہوگی ❹ کچھ نہیں

158۔جب کسی کی محصنہ ماں فوت ہو گئ کوئ کہے یا ابن الزانیۃ۔حد قذف لگے گی یا نہیں؟
❶ حد قذف لگے گی ✓ ❷ نہیں لگے گی ❸ تعزیر ❹ اختیار

159۔جب کسی نے کہا یاابنَ السماءِ۔یہ حد قذف ہے یا نہیں؟
❶ حد قذف ہے ❷ نہیں ✓ ❸ تعزیر ہوگی ❹ کچھ نہیں

160۔کیا بیٹا باپ سے حد قذف کا مطالبہ کر سکتا ہے جب اس باپ نے اپنی بیوی پر تہمت لگائی ہو؟
❶ کرسکتا ہے ❷ نہیں کر سکتا ❸ اختلاف ہے ❹ کچھ نہیں

161۔زید نے کہا یازانی۔سامنے بکر نے کہا لاَبل انتَ۔حد کس کو لگے گی؟
❶ زید کو ❷ بکر کو ❸ دونوں کو ✓ ❹ کسی کو نہیں

162۔ شوہر نے کہا: یازانیۃ۔بیوی نے کہا :زنَیتُ بِکَ۔تو کیا حکم ہے؟
❶ شوہر کا قول باطل ❷ بیوی کا قول باطل ❸ دونوں کا باطل ہے ✓ ❹ دونوں کا باطل نہیں

163۔جب کسی نے حرام لعینہ میں وطی کی اس پر قذف درست ہوگی؟
❶ ہوگی ❷ نہیں ✓ ❸ تعزیر ❹ کچھ نہیں

164۔جس عورت نے حالت کفر میں زنا کیا اس پر قذف درست ہے؟
❶ درست ہے ❷ نہیں ✓ ❸ تعزیر ❹ قاضی کو اختیار ہے

165۔کسی نے اپنی بیوی کے حیض میں وطی کی اس پر کسی نے زنا کی تہمت لگائی اس پر حد قذف لگے گی یا نہیں؟
❶ حد قذف لگے گی ✓ ❷ نہیں ❸ معاف ہے ❹ تعزیر

166۔اگر کسی نے بہت ساری زنا کی تہمتیں لگائی ہیں۔تو اس کو صرف ایک حد لگے گی یا بہت ساری؟

❶ صرف ایک ✓ ❷ بہت ساری ❸ امام کو اختیار ہے ❹ معاف ہے

==================================================

## "فصل فی التعزیر"

167۔تعزیر کا لغوی معنی کیا ہے؟
❶ مارنا ❷ عذر ❸ تادیب ✓ ❹ حد

168 تعزیر میں زیادہ سے زیادہ کتنے کوڑے ماریں گے؟

❶ دس ❷ اسی ❸ بیس ❹ انتالیس ✓

169۔کافر پر زنا کی تہمت لگائی تو کیا سزا ہے؟

❶ تعزیر ✓ ❷ حد قذف ❸ رجم ❹ معاف ہے

170۔جب کسی مسلمان کو گالی دیتے ہوئے کافر کہا تو کیا حکم ہے؟

❶ حد ❷ قتل ❸ تعزیر ✓ ❹ معاف

171۔ کسی مسلمان کو لوطی، خائن، زندیق، دیوث، شرابی کہا تو کیا حکم ہے؟

❶ تعزیر ✓ ❷ قتل ❸ حد ❹ معاف

172۔جس کو حد یا تعزیر میں کوڑے لگے وہ مرگیا تو تاوان کون دے گا؟

❶ امام ❷ جلاد ❸ دونوں ❹ باطل ہے ✓

173۔یاابن القحبۃِ۔ اس میں قحبہ سے کونسی عورت مراد ہے؟

❶ شریف ❷ زانی ❸ بوڑھی ❹ بازاری زانیہ ✓

174۔ تعزیر کرنے کے کتنے مراتب ہیں؟

❶ دو ❷ تین ❸ دس ❹ چار ✓

==================================================

# "کتاب السرقۃِ"

175۔سرقہ کا کیا رکن ہے؟

❶ سرقہ ❷ ہاتھ ❸ اخذ ✓ ❹ قطع

176۔چوری میں۔مالٌ محرزٌ مملوکٌ۔یہ کیا ہے سرقہ کیلئے؟

❶ لغوی تعریف ❷ اصطلاحی تعریف ❸ رکن ❹ شرط ✓

177۔چوری کا نصاب کتنے درہم ہیں؟

❶ تین ❷ دس ✓ ❸ پانچ ❹ چالیس

178۔قدرُ عشرۃِ دراھمَ مضروبۃً۔یہاں مضروبۃً کا کیا معنی ہے؟

❶ ڈھالے ہوئے ✓ ❷ ڈھالنے والا ❸ مارنا ❹ بیان کرنا

179۔چوری کی کیا سزا ہے؟

❶ رجم ❷ اسی کوڑے ❸ دونوں ❹ ہاتھ کاٹنا ✓

180۔سارق و سارقہ کا کتنی مرتبہ اقرار کرنا لازم ہے؟

❶ چار ❷ آٹھ ❸ دو ❹ ایک ✓

181۔ چوری میں کتنے گواہ گواہی دیں گے؟

❶ دو ✓ ❷ چار ❸ ایک ❹ تین

182۔ دارالحرب میں چوری کی تو ہاتھ کاٹیں گے یا نہیں؟

❶ کاٹیں گے ❷ نہیں کاٹیں گے ✓ ❸ تعزیر ہوگی ❹ اسی کوڑے

183۔ اگر چور زیادہ تھے اور مال کو چوری کر کے آپس میں تقسیم کر دیا اور ہر ایک کا حصہ نصاب کی مقدار ہے تو کتنوں کے ہاتھ کاٹیں گے؟

❶ جس نے اٹھایا ❷ چار کے ❸ سردار کے ❹ سب کے ✓

==================================================

# "باب مایقطع بہ ومالایقطع"

184۔ کونسے برتن چوری کرنے سے ہاتھ کاٹے جائیں گے؟

❶ لکڑی کے ✓ ❷ لوہے کے ❸ پیتل کے ❹ اسٹیل کے

185۔ نورۃٌ کا کیا معنی ہے؟

❶ مٹی ❷ پانی ❸ چونا ❹ بال صفا پاوڈر ✓

186۔ مباح چیز چوری کرنے سے ہاتھ کاٹے جائیں گے یا نہیں؟

❶ کاٹیں گے ❷ نہیں ✓ ❸ امام کو اختیار ہے ❹ تاوان ہے

187۔ مسجد کے دروازے اور مصحف کے چوری کرنے سے ہاتھ کاٹے جائیں گے یا نہیں؟

❶ کاٹیں گے ❷ نہیں کاٹیں گے ✓ ❸ اختیار ہے ❹ تعزیر ہے

188۔ بیت المال سے چوری کی تو ہاتھ کاٹیں گے یا نہیں؟

❶ تعزیر ہے ❷ قتل کریں گے ❸ ہاتھ کاٹیں گے ❹ نہیں کاٹیں گے ✓

189۔ حساب کا رجسٹر چوری کرنے سے ہاتھ کاٹے جائیں گے یا نہیں ؟

❶ کاٹیں گے ✓ ❷ نہیں کاٹیں گے ❸ تعزیر ہے ❹ امام کو اختیار ہے

190۔ شوہر نے بیوی کی یا بیوی نے شوہر کی کوئی چیز چوری کی تو چور کے ہاتھ کاٹیں گے یا نہیں؟

❶ ہاتھ کاٹیں گے ❷ نہیں کاٹیں گے ✓ ❸ امام کو اختیار ہے ❹ چالیس کوڑے لگیں گے

191۔ لا بتافِہٖ یوجد مباحا فی دار نا یہاں تافِہٖ کا کیا معنی ہے؟

❶ اضافی ❷ مضبوط ❸ حقیر ✓ ❹ لمبی

192۔ دودھ اور گوشت کے چوری کرنے سے کن کے نزدیک ہاتھ نہیں کاٹے جائیں گے؟

❶ امام اعظم ❷ امام ابو یوسف ❸ امام محمد ❹ امام اعظم وامام محمد ✓

193۔آلات لہو کی چوری کرنے سے ہاتھ کاٹیں گے یا نہیں۔

❶ کاٹیں گے ❷ نہیں کاٹیں گے ✓ ❸ تاوان ہوگا ❹ تعزیر ہو گی

194۔ مصحف شریف چوری کرنے سے ہاتھ کاٹیں گے یا نہیں؟

❶ کاٹیں گے ❷ نہیں کاٹیں گے ✓ ❸ تاوان ❹ تعزیر

195۔آزاد بچہ زیور سے آراستہ ہو تو اس کو چوری کرنے سے ہاتھ کاٹیں گے یا نہیں؟

❶ کاٹیں گے ❷ نہیں کاٹیں گے ✓ ❸ تعزیر ❹ قاضی کو اختیار

196۔کتے کو چوری کرنے سے ہاتھ کاٹیں گے یا نہیں؟

❶ کاٹیں گے ❷ نہیں کاٹیں گے ✓ ❸ تعزیر ❹ تاوان

197۔ایک مرتبہ ہاتھ کاٹا پھر دوبارہ وہی چیز چوری کرنے سے ہاتھ کاٹیں گے یا نہیں؟

❶ کاٹیں گے ❷ نہیں کاٹیں گے ✓ ❸ حد لگے گی ❹ تعزیر

198۔جس مال میں شرکت ہو اس کو چوری کرنے سے ہاتھ کاٹیں گے یا نہیں؟

❶ کاٹیں گے ❷ نہیں کاٹیں گے ✓ ❸ تاوان ہوگا ❹ اختلاف ہے

199۔ذی رحم محرم کے گھر سے چوری کی تو ہاتھ کاٹیں گے یا نہیں؟

❶ کاٹیں گے ❷ نہیں کاٹیں گے ✓ ❸ معاف ہے ❹ اختلاف ہے

200۔گھر میں آئے ہوئے مہمان نے میزبان کا مال چوری کیا تو ہاتھ کاٹیں گے یا نہیں؟

❶ کاٹیں گے ❷ نہیں کاٹیں گے ✓ ❸ اختیار ہے ❹ اختلاف ہے